رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: دورۃ التجوید وقراءۃ القرآن سال دوم پرچہ: پانچواں مضمون: الصرف والنحو

تاریخ: 27-01-2026 دن: منگل کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: "إيّاهم"، "إنّكن"، "أنتم" ان ضمائر کے نام سپردِ قرطاس کیجئے۔

سوال نمبر 2: فعل ماضی معروف کے اوزان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: فعل مضارع مجہول بنانے کا طریقہ مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: "تَدْرُسُونَ"، "مُنِعَتَا"، "تُحْمَلِينَ" ان صیغوں کے تراجم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: حروف زائدہ کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: "عِلم" مصدر سے اسم مفعول کی فقط گردان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: صفت مشبہ کے کوئی سے تین مشہور اوزان مع امثلہ وترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: اسم تفضیل کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: "تَقْرُبُ" سے فعل امر غائب کی فقط گردان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: ضمیر مرفوع متصل بارز کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: علم نحو کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: اسم کی کوئی سی تین علامات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: مضاف اور مضاف الیہ کسے کہتے ہیں نیز یہ بھی بتائیے کہ ان کا اردو ترجمہ کرتے وقت عموماً کون سے الفاظ آتے ہیں؟

سوال نمبر 14: "طِفلَانِ زَيدٍ"، "وَعدُ اللهِ"، "مِنشَفَةُ الرَّجُلُ" ان میں پائی جانے والی غلطیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے درست مرکب اضافی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: نائب الفاعل کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: خبر اگر مفرد ہو تو کن چیزوں میں مبتدا کے مطابق ہونا ضروری ہے؟ مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: کتنی قسم کے کلمات معرب ہوتے ہیں؟ مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: حالتِ نصبی کی کتنی علامات ہیں؟ مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: کوئی سے تین اسمائے استفہام مع امثلہ وترجمہ سپردِ قرطاس کیجئے۔

سوال نمبر 20: حروف مشبہ بالفعل کا عمل تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: فعل امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: فعل نہی کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے نیز فعل نہی معروف بنانے کا طریقہ بھی سپردِ قرطاس کیجئے۔

سوال نمبر 3: "تقبُّل" مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان مع ترجمہ وصیغہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: مبنی کی تعریف تحریر کرتے ہوئے بتائیے کہ کل کتنی قسم کے کلمات مبنی ہوتے ہیں؟ ان کے نام مع امثلہ تحریر کیجئے، نیز یہ بھی بتائیے کہ کون سے کلمات "مبنی الاصل" اور کون سے "مشابہ مبنی الاصل" ہیں؟

سوال نمبر 5: مفعول مطلق کی کتنی اقسام ہیں؟ تمام کی تعریفات مع امثلہ تحریر کیجئے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: "علمٌ" ۔۔۔ کی مثال ہے۔

(الف) اسم　　(ب) فعل　　(ج) حرف　　(د) مہمل

سوال نمبر 2: زمانے کے اعتبار سے فعل کی ۔۔۔ اقسام ہیں۔

(الف) 2　　(ب) 3　　(ج) 4　　(د) 5

سوال نمبر 3: فعل ماضی معروف کے ۔۔۔ وزن ہیں۔

(الف) 2　　(ب) 3　　(ج) 4　　(د) 5

سوال نمبر 4: فعل مضارع کے واحد و تثنیہ مؤنث غائب کے صیغوں کے شروع میں ۔۔۔ آتا / آتی ہے۔

(الف) أ　　(ب) ت　　(ج) ي　　(د) ن

سوال نمبر 5: فعل مضارع میں نونِ اعرابی والے صیغوں کی تعداد ۔۔۔ ہوتی ہے۔

(الف) 5　　(ب) 7　　(ج) 2　　(د) 4

سوال نمبر 6: "يَبْحَثْنَ" صیغہ ہے۔

(الف) صیغہ جمع مؤنث غائب　　(ب) صیغہ جمع مذکر غائب　　(ج) صیغہ جمع مذکر حاضر　　(د) صیغہ جمع مؤنث حاضر

سوال نمبر 7: فعل مضارع مجہول ۔۔۔ سے بنتا ہے۔

(الف) مضارع معروف　　(ب) ماضی معروف　　(ج) ماضی مجہول　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: امر حاضر معروف کے ۔۔۔ صیغے ہوتے ہیں۔

(الف) 8　　(ب) 2　　(ج) 6　　(د) 4

سوال نمبر 9: وہ ضمیر جو محل رفع میں واقع ہوتی ہے اور عموماً مبتدا، خبر، فاعل یا نائب الفاعل بنتی ہے وہ ۔۔۔ ہوتی ہے۔

(الف) ضمیر منصوب منفصل　　(ب) ضمیر مرفوع منفصل　　(ج) ضمیر منصوب متصل　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: ضمیر مرفوع متصل کی ۔۔۔ قسمیں ہیں۔

(الف) 2　　(ب) 3　　(ج) 4　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: وہ فعل جس میں کسی سے آنے والے زمانے میں کسی کام کا مطالبہ کیا جائے وہ ۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) فعل امر　　(ب) فعل مستقبل　　(ج) فعل مضارع　　(د) فعل ماضی

سوال نمبر 12: "تَأْكُلُ" کا ترجمہ ہے۔

(الف) وہ کھاتا ہے یا کھائے گا　　(ب) تم کھاتی ہو یا کھاؤ گی　　(ج) وہ کھاتی ہے یا کھائے گی　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13: کلمہ کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: معرفہ کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف)7 (ب)5 (ج)6 (د)4

سوال نمبر15: جس کے شروع میں حرف ندا ہو وہ۔۔۔ہوتا ہے۔

(الف)معرف باللام (ب)معرف بالاضافۃ (ج)معرف بالنداء (د)الف اور ب دونوں

سوال نمبر16: مرکب غیر مفید کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف)7 (ب)4 (ج)6 (د)5

سوال نمبر17: صفت۔۔۔چیزوں میں موصوف کے مطابق ہوتی ہے۔

(الف)10 (ب)8 (ج)9 (د)5

سوال نمبر18: الف لام اور تنوین۔۔۔پر نہیں آتے۔

(الف)موصوف (ب)صفت (ج)مضاف الیہ (د)مضاف

سوال نمبر19: جمع کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف)2 (ب)6 (ج)4 (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: تانیث کی۔۔۔علامات ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: بعض اسما میں مؤنث کی علامت لفظوں میں موجود نہیں ہوتی مگر اہلِ عرب انہیں بطور مؤنث استعمال کرتے ہیں انہیں۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)مؤنث لفظی (ب)مؤنث معنوی (ج)مؤنث سماعی (د)ب اور ج دونوں

سوال نمبر22: "کاتبات" درج ذیل میں سے۔۔۔ہے۔

(الف)تثنیہ (ب)جمع مکسر (ج)جمع مذکر سالم (د)جمع مؤنث سالم

سوال نمبر23: "العلم النّافع" درج ذیل میں سے۔۔۔ہے۔

(الف)کلمہ (ب)جملہ (ج)مرکب مفید (د)مرکب غیر مفید

سوال نمبر24: درج ذیل میں سے درست مرکب توصیفی ہے۔

(الف)الظلم العظیمة (ب)ظلم العظیمة (ج)ظلم عظیم (د)الظلم عظیمة

سوال نمبر25: مضاف الیہ۔۔۔ہوتا ہے۔

(الف)مرفوع (ب)منصوب (ج)مجرور (د)عامل کے مطابق

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: تجوید کی تعریف و موضوع تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "را" ممالہ اور "را" مرامہ کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: کن الفاظ میں اظہار مطلق ہوتا ہے؟ وہ الفاظ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: اخفائے شفوی کا قاعدہ مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: بوف کا قاعدہ جو مشہور ہے اس کی وضاحت مع حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: اجتماع ساکنین علی حدہ کسے کہتے ہیں مع مثال و حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: طول، توسط اور قصر کی مقدار تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: اگر حرف موقوف مکسور ہو اور اس کے ماقبل حرف مدہ یا حرف لین ہو تو اس میں کون سی وجوہِ وقف جائز ہوں گی؟

سوال نمبر 9: روم کی تعریف تحریر کیجئے نیز یہ بتایئے کہ یہ کس مقام پر ناجائز ہو گا؟

سوال نمبر 10: ہائے ضمیر کے ماقبل کسرہ یا یائے ساکنہ ہو تو ہائے ضمیر پر کیا اعراب آئے گا؟ مکمل قاعدہ مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: ادغامِ متجانسین کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: کوئی سے دو موانعِ ادغام مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: حروف قمریہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 14: ادغام ناقص کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: امام حفص کی روایت کے مطابق کل کتنے اور کون کون سے مقامات پر سکتہ ہے؟

سوال نمبر 16: ہمزہ وصلیہ کا اعراب کیا ہو گا؟

سوال نمبر 17: مد متصل و مد منفصل کی مقدار کتنی ہے؟

سوال نمبر 18: خلط کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: وقف بالابدال کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: قراءت شاذہ کسے کہتے ہیں؟ نیز اس کو پڑھنے کا حکم کیا ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: قاری مقری کے لیے کتنے اور کون کون سے علوم کا جاننا ضروری ہے؟ تمام کی تعریفات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: فوائد مکیہ کے مصنف نے رسمِ عثمانی کے توقیفی ہونے پر تین دلائل دیئے ہیں، تینوں سپردِ قرطاس کیجئے۔

سوال نمبر 3: الحان و انغام کسے کہتے ہیں اور ان کے ساتھ قرآن شریف پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: "وحاذر الوقف بكلّ الحركة.....إلّا إذا رمت فبعض الحركة"

"إلّا بفتح أو بنصب وأشم.....إشارة بالضمّ في رفع وضمّ"

ان اشعار کا ترجمہ مع مختصر وضاحت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "را" کو پُر اور باریک پڑھنے کے احکام مقدمہ جزریہ کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: قرآن پاک کو خوش آوازی سے پڑھنا۔۔۔ ہے، اگر قواعدِ تجوید کے خلاف نہ ہو۔

(الف) فرض　　(ب) واجب　　(ج) سنت　　(د) مستحسن

سوال نمبر 2: "أعوذ" اور "بسم الله" پڑھنے میں کل۔۔۔ صورتیں ہیں۔

(الف) 5　　(ب) 4　　(ج) 3　　(د) 2

سوال نمبر 3: جس سورت کو قاری بغیر "بسم الله" پڑھے گا تو وہ سورت۔۔۔ کے نزدیک ناقص ہو گی۔

(الف) امام حفص　　(ب) امام شاطبی　　(ج) امام جزری　　(د) امام عاصم رحمۃ اللہ علیہم

سوال نمبر 4: اگر درمیانِ قراءت کوئی کلامِ اجنبی ہو گیا، گو کہ سلام کا جواب ہی کسی کو دیا ہو تو پھر۔۔۔ کو دہرانا چاہئے۔

(الف) استعاذہ　　(ب) بسملہ　　(ج) الف اور ب دونوں　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5:۔۔۔ کے نزدیک مخارجِ حروف چودہ ہیں۔

(الف) امام سیبویہ　　(ب) امام فراء　　(ج) امام خلیل　　(د) یہ تمام

سوال نمبر 6: امام سیبویہ نے "ل" کا مخرج۔۔۔ کہا ہے۔

(الف) طرفِ لسان　　(ب) وسطِ لسان　　(ج) حافۂ لسان　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7:۔۔۔ کے نزدیک حروف علت جب مدہ ہوں تو ان کا مخرج جوف ہوتا ہے۔

(الف) امام سیبویہ　　(ب) امام فراء　　(ج) امام خلیل　　(د) ان تمام

سوال نمبر 8: حروف متوسطہ۔۔۔ ہیں۔

(الف) 10　　(ب) 8　　(ج) 7　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: رخو کی ضد۔۔۔ ہے۔

(الف) جہر　　(ب) ہمس　　(ج) شدت　　(د) انفتاح

سوال نمبر 10: حروف قلقلہ پانچ ہیں، جن میں سے۔۔۔ حرف / حروف میں قلقلہ واجب ہے۔

(الف) 2　　(ب) 4　　(ج) 3　　(د) 1

سوال نمبر 11: صفات متضادہ میں سے۔۔۔ صفات قویہ ہیں۔

(الف) 7　　(ب) 4　　(ج) 10　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: حروف ضعیفہ۔۔۔ ہیں۔

(الف) 6　　(ب) 8　　(ج) 5　　(د) 4

سوال نمبر13:"ج، ش، ي"، یہ تینوں حروف صفت۔۔۔ میں مشترک ہیں۔

(الف)شدت (ب)جہر (ج)استفال (د)رخاوت

سوال نمبر14:مقدمہ جزریہ کے مصنف رحمۃُ اللہِ علیہ کا نام۔۔۔ ہے۔

(الف)محمد بن عبد اللہ (ب)محمد بن علی (ج)محمد بن محمد (د)محمد بن محمود

سوال نمبر15:"أجد ، قطّ ، بكت"یہ حروفِ۔۔۔ کا مجموعہ ہے۔

(الف)مہموسہ (ب)متوسطہ (ج)شدیدہ (د)مستعلیہ

سوال نمبر16:الأخذ بالتجويد.....

(الف)مستحبّ (ب)حتم (ج)لازم (د)ب اور ج دونوں

سوال نمبر17:حاذرن تفخيم لفظ.....

(الف)الراء (ب)اللام (ج)الألف (د)ليس منها

سوال نمبر18:ورقّق الراء إذا ما.....

(الف)ضمّت (ب)فتحت (ج)كسرت (د)ألف وب

سوال نمبر19:فخّم اللام من اسم "الله" عن.....

(الف)ضمّ (ب)فتح (ج)كسر (د)ألف وب

سوال نمبر20:وسطِ حلق سے۔۔۔ ہوتا ہے۔

(الف)هاء (ب)غين (ج)عين (د)ب وج

سوال نمبر21:"ر" حروف۔۔۔ میں سے ہے۔

(الف)مذلقہ (ب)صفیریہ (ج)مطبقہ (د)مہموسہ

سوال نمبر22:صفتِ تفشی۔۔۔ میں ہے۔

(الف)لام (ب)راء (ج)شين (د)ليس منها

سوال نمبر23:إذ.....عليهم قبل الشروع أوّلا أن يعلموا مخارج الحروف والصفات.

(الف)واجب (ب)مستحبّ (ج)سنّة (د)أمر زائد

سوال نمبر24:۔۔۔۔ حروف مطبقہ میں سے ہے۔

(الف)ص (ب)واو (ج)ياء (د)سين

سوال نمبر25:"قطب جد"یہ حروفِ۔۔۔ کا مجموعہ ہے۔

(الف)مستعلیہ (ب)شدیدہ (ج)قلقلہ (د)صفیریہ